سے شغف رکھنے والے حضرات ان متعدد مفکرین کے خیالات سے واقف ہیں۔ جنہوں نے انسانی کی اخلاقی حس کو مذہبی شعور کا ایک اہم جزو تصوّر کیا ہے۔ ممکن ہوا تو انشاء اللہ آئندہ اسی سلسلۂ گفتگو کو آگے بڑھایا جائے گا۔

ہمیں افسوس ہے کہ ہم ایک بار پھر دو ماہ یعنی نومبر اور دسمبر کا اکٹھا پرچہ شائع کر رہے ہیں۔ قارئین بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کسی کام کے آغاز میں بہت سی مشکلات حائل ہوتی ہیں۔ ہم ان پر جلد از جلد قابو پانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اور ہماری انتہائی کوشش ہوگی کہ (انشاءاللہ) جنوری ۸۳ء سے یہ باقاعدگی سے ہر ماہ شائع ہو۔ ہم قارئین سے اس سلسلے میں دعا کے طالب ہیں۔ چونکہ انجمن خدام القرآن لاہور کے تحت ایک ماہانہ جریدہ "میثاق" بھی شائع ہوتا ہے۔ اس لئے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ "میثاق" ہر ماہ کی یکم اور "حکمتِ قرآن" ہر ماہ کی پندرہ تاریخ کو سپردِ ڈاک کیا جائے گا۔ قارئین نوٹ فرمالیں۔

اس شمارے کے بعض مضامین بھی ان مقالات پر مشتمل ہیں جو گذشتہ "قرآنی محاضرات" کے سلسلے میں قرآن اکیڈمی میں پیش کئے گئے۔ ہمیں امید ہے کہ قارئین انہیں مفید اور فکر انگیز پائیں گے۔